## درگاہ حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے گدی نشین سید نثار حسین شاہ سے الطاف حسین کی ٹیلی فون پر گفتگو

## نثار حسین شاہ کے چھوٹے بھائی کے انتقال پر دلی تعزیت

## شاہ سائیں نے ہمیشہ احترام انسانیت کا درس دیا ہے، الطاف حسین

## آپ انسان دوست کی حیثیت سے دکھی انسانیت کی عملی خدمت کر رہے ہیں، سید نثار حسین شاہ

لندن۔۔۔21، دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے درگاہ حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے گدی نشین سید نثار حسین شاہ سے ٹیلی فون پر گفتگو کی اور ان کے چھوٹے بھائی سید اظہر حسین شاہ کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ جناب الطاف حسین نے سید نثار حسین شاہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ عظیم صوفی بزرگ کی خدمت پر مامور ہیں جنہوں نے ہمیشہ احترام انسانیت کا درس دیا ہے۔ میں اپنی اور اپنے تمام کارکنان کی جانب سے آپ کے چھوٹے بھائی کے انتقال پر آپ، آپ کے اہل خانہ اور تمام عقیدت مندوں سے دلی تعزیت کرتا ہوں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سید اظہر حسین شاہ کو کروٹ کروٹ جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے، ان کے صغیرہ کبیرہ گناہوں کی مغفرت کرے اور تمام سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ سید نثار حسین شاہ نے جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے ہمارے ہر دکھ اور سکھ میں یاد رکھا ہے اور جس دن سے آپ نے شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ سے اپنی عقیدت کا اظہار کیا ہے اسی دن سے ہم دل کی گہرائی سے آپ سے پیار کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ انسانوں کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے اور آپ انسان دوست کی حیثیت سے دکھی انسانیت کی عملی خدمت کر رہے ہیں ہماری دعائیں آپ کے ساتھ ہیں۔

## کراچی میں لڑکی کے ساتھ اجتماعی زیادتی کے گھناؤنے واقعہ پر الطاف حسین کا شدید اظہار مذمت

## اس گھناؤنے واقعے میں جو افراد بھی ملوث ہیں، چاہے وہ کتنے ہی بااثر کیوں نہ ہوں،

## چاہے وہ کتنے ہی بڑے خاندان سے کیوں نہ تعلق رکھتے ہوں ان تمام درندہ صفت افراد کو گرفتار کرکے سرعام عبرتناک سزا دی جائے

## زیادتی کا نشانہ بننے والی لڑکی کو فوری انصاف فراہم کیا جائے۔ صدر آصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی،

## وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سمیت تمام ارباب اختیار سے الطاف حسین کا پرزور مطالبہ

لندن۔۔۔21 دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی کے علاقے ڈیفنس میں لڑکی کے ساتھ اجتماعی زیادتی کے گھناؤنے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، سندھ کے گورنر ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سمیت تمام ارباب اختیار سے پرزور مطالبہ کیا کہ اس گھناؤنے واقعے میں جو افراد بھی ملوث ہیں، چاہے وہ کتنے ہی بااثر کیوں نہ ہوں، چاہے وہ کتنے ہی بڑے خاندان سے کیوں نہ تعلق رکھتے ہوں ان تمام درندہ صفت افراد کو گرفتار کرکے سرعام عبرتناک سزا دی جائے اور زیادتی کا نشانہ بننے والی لڑکی کو فوری انصاف فراہم کیا جائے۔

## اے آر وائی لندن کے نمائندہ خصوصی احمد علی سید کے صاحبزادے قاسم علی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔21 دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اے آر وائی لندن کے نمائندہ خصوصی احمد علی سید کے صاحبزادے قاسم علی کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے احمد علی سید اور ان کے تمام اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ قاسم علی مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام سوگواروں کو صبر جمیل عطا کرے۔

## متحدہ قومی موومنٹ پرامن جمہوری جماعت ہے جوعوام کودرپیش مسائل کے حل کیلئے تمام سیاسی قوتوں سے رابطہ کررہی ہے، بابرغوری
## ہماراکوئی حریف نہیں سیاسی جماعتوں میں رابطوں کا سلسلہ مثبت اقدام ہےاور جمہوری اصولوں کے عین مطابق ہے
## فنکشنل لیگ کے سربراہ پیرصاحب پگاڑا سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو

کراچی ۔۔۔۔21دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست سینیٹر و وفاقی وزیر بابر خان غوری نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ امن پسند جمہوری جماعت ہے جوعوام کودرپیش مسائل کے حل کیلئے تمام سیاسی قوتوں سے رابطہ کررہی ہے تاکہ مہنگائی، بے روزگاری اورامن وامان سمیت ملک کی معاشی واقتصادی صورتحال اوردرپیش مسائل کوحل کرنے کیلئے مشترکہ کوشش کرسکیں، ہماراکوئی حریف نہیں سیاسی جماعتوں میں رابطوں کا سلسلہ مثبت اقدام ہے اور جمہوری اصولوں کے عین مطابق ہے۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے منگل کے روز کنگری ہاؤس میں مسلم لیگ فنکشنل کے سربراہ پیرصاحب پگاڑا سے ہونے والی ملاقات کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے گفتگوکرتے ہوئے کیا۔قبل ازیں مسلم لیگ فنکشنل سے ملاقات انتہائی خوشگوار ماحول میں ایک گھنٹے تک جاری رہی جس میں ملک کی تیزی سے تبدیل ہوتی ہوئی سیاسی صورتحال سمیت تیزی سے بڑھتی ہوئی مہنگائی، غربت، بے روزگاری، امن وامان کی مخدوش صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ کیا گیا۔ملاقات میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل، سندھ اسمبلی میں حق پرست گروپ کے پارلیمانی لیڈر سیدسردار احمداورصوبائی وزیرعادل صدیقی جبکہ مسلم لیگ فنکشنل کی جانب سے صوبائی وزیرامتیاز شیخ نے شرکت کی۔میڈیا سے گفتگوکرتے ہوئے بابرخان غوری نے کہاکہ پیرصاحب پگاڑا سے ملاقات کی بنیادی مقصداتحادیوں کے درمیان رابطوں کومزیدفعال کرنا ہےاورقائدتحریک الطاف حسین اورپیرصاحب پگاڑا کے درمیان ہونے والی بات چیت کے سلسلے کومزیدآگے بڑھنا ہے جس میں ملک میں روز بہ روز تیزی سے بڑھتی ہوئی مہنگائی، بے روزگاری، غربت، کرپشن، امن وامان سمیت ملک کی معاشی واقتصادی صورتحال کے باعث غریب عوام کودرپیش مسائل اورمشکلات کا حل تلاش کرنا ہے۔انہوں نے کہاکہ صوبہ سندھ امن وشانتی کی دھرتی ہے تاہم بعض قوتیں ایک سازش کے تحت سندھ کےعوام میں نفرت اوردوریاں پیدا کرنے کی کوشش کررہی ہیں جسے ہم مسلم لیگ فنکشنل سمیت تمام سیاسی جماعتوں کے اتحاد سے ناکام بنائیں گے، ایم کیوایم سندھ میں رہنے والوں کے درمیان نفرتیں ختم کرکےامن ومحبت کی فضاء قائم کرنا چاہتی ہے۔انہوں نے کہاکہ پیرصاحب پگاڑا کے ساتھ ملکرآئندہ بھی سندھ کی خوشحالی اورترقی کیلئے کام کرتے رہیں گے۔انہوں نے کہاکہ اندرون سندھ قانون نام کی کوئی چیز نہیں جہاں اغواء برائے تاوان اورگینگ ریپ میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے جس سےعوام میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے۔ایک سوال کے جواب میں بابرغوری نے کہاکہ ہماراکوئی حریف نہیں سیاسی جماعتوں میں رابطے ہوتے رہتے ہیں اصل مقصدعوام کودرپیش کےمسائل کاحل تلاش کرنا ہے۔انہوں نےعوام نے متحدہ قومی موومنٹ کومینڈیٹ دیا ہےاورایم کیوایم عوام کےاعتماد پر پورااترکران کے مسائل کےحل کیلئے آوازاٹھاتی رہے گی۔صوبائی وزیرامتیازشیخ نے کہاکہ متحدہ قومی موومنٹ سے ہمارا مکمل رابطہ ہےاوریہ رابطوں کا سلسلہ آئندہ بھی جاری ساری رہے گا۔جناب الطاف حسین سے پیرصاحب پگاڑا کے درمیان سندھ میں بھائی چارے کی فضاء قائم کرنے کیلئے جوبات ہوئی ہے یہ سلسلہ آگے چلتا رہے گا۔ایک سوال کے جواب میں امتیاز شیخ نے کہاکہ کمشنری نظام کی تجویز ہم نے پیش کی ہے تاہم اتحادیوں کے ساتھ بیٹھ کرباہمی روابط کے ساتھ یہ مسئلہ آگےچل کرطےکرلیا جائیگا۔

## مائیں، بہنیں 25دسمبرکو بھٹ شاہ میں عظیم الشان جلسہ عام کوکامیاب بنائیں، ہیرسوہو

جامشورو۔۔۔21دسمبر2010ء

عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی رکن وحق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ہیراسماعیل سوہو نے ایم کیوایم شعبہ خواتین کی ذمہ داران کے ہمراہ 25دسمبرکو ملاکھڑا اسٹیڈیم بھٹ شاہ میں ہونے والے عظیم الشان جلسہ عام میں خواتین کی شرکت کولازمی بنانے کیلئے ایم کیوایم جامشورو زون کی جانب سے مختلف مقامات پرخواتین کے اجلاسوں میں شرکت کی اورخواتین کوجلسہ عام میں شرکت کی دعوت دی جبکہ اسی طرح اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن محترمہ عابدہ سیف اورحق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ناہید نے ایم کیوایم شہدادپورزون کی جانب سے جلسہ عام میں خواتین کی شرکت کے حوالے سے منعقدہ اجلاسوں میں شرکت کی اورخواتین کوجلسہ عام میں شرکت کی دعوت دی۔اس موقع پر جامشورواورشہدادپورمیں ہونیوالے خواتین کے اجلاسوں میں مقامی خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور بھٹ شاہ میں ایم کیوایم کے جلسہ عام میں اپنی شرکت کی بھرپوریقین دہانی کرائی۔

## ایم کیوایم کے تحت بھٹ شاہ کے ملاکھڑا گراؤنڈ میں 25 دسمبر کو ہونیوالے جلسہ عام کی تیاریاں سندھ بھر سمیت لطیف آباد، قاسم آباد، ٹنڈو جام، ٹنڈو حیدر، ہوسڑی، جاڑو ببر، ٹنڈو قیصر اور دیگر علاقوں میں بھرپور انداز میں جاری ہیں

حیدرآباد۔۔۔21، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام 25 دسمبر ہفتہ کو بھٹ شاہ کے ملاکھڑا گراؤنڈ میں ہونے والے جلسہ عام کی تیاریاں سندھ بھر سمیت لطیف آباد، قاسم آباد، ٹنڈو جام، ٹنڈو حیدر، ہوسڑی، جاڑو ببر، ٹنڈو قیصر اور دیگر علاقوں میں بھرپور انداز میں جاری ہیں اور اس سلسلے میں کارکنان اور عوام میں زبردست جوش وخروش پایا جارہا ہے۔ جلسہ عام کے سلسلے میں سندھ بھر کے مختلف مقامات پر استقبالیہ کیمپ لگا دیئے گئے ہیں جہاں ایم کیوایم کے تنظیمی ترانے بجائے جارہے ہیں اور ان کی دھنوں پر کارکنان وعوام والہانہ رقص کررہے ہیں۔ اہم شاہراہوں، چوکوں اور گلیوں کو ایم کیوایم کے پرچموں اور جھنڈیوں سے سجایا جارہا ہے جبکہ بعض چوراہوں کو برقی قمقموں اور تحریکی پرچموں سے سجادیا۔ جلسہ عام کے سلسلے میں مختلف علاقوں میں وال چاکنگ اپنے آخری مراحل میں ہے جبکہ جلسہ عام کے سلسلے میں جگہ جگہ بینرز لگائے جارہے ہیں اور گھر گھر ہینڈ بل بھی تقسیم کئے جارہے ہیں۔

## رابطہ کمیٹی کے ارکان اشفاق منگی اور سلیم تاجک نے حیدرآباد زون کے مختلف سیکٹر کا دورہ کیا اور جلسہ عام کی تیاریوں کا جائزہ لیا
## ایم کیوایم حیدرآباد زونل کمیٹی کے اراکین اور حق پرست ارکان اسمبلی نے ٹمیاری، ٹنڈو قیصر اور ٹنڈو جام کا دورہ کرکے کارکنان سے ملاقاتیں کیں

حیدرآباد۔۔۔21، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکان سلیم تاجک اور اشفاق منگی نے 25 دسمبر ہفتہ کو بھٹ شاہ کے ملاکھڑا گراؤنڈ میں ہونے والے جلسہ عام کے سلسلے میں حیدرآباد زون کے مختلف سیکٹرز کا دورہ کیا اور جلسہ عام کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی، ایم کیوایم حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف اور حیدرآباد زونل کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ سلیم تاجک اور اشفاق منگی نے جلسہ عام کی تیاریوں میں مصروف کارکنان سے ملاقاتیں کیں اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا اور شاباش دی۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے مختلف مقامات پر جلسہ عام کی تیاریوں کے سلسلے میں جاری کام میں کارکنان کا ہاتھ بھی بٹایا۔ جلسہ عام کے سلسلے میں ایم کیوایم حیدرآباد زون کے جوائنٹ زونل انچارج محمد فاروق، زونل کمیٹی کے رکن رسول بخش میمن اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی سہیل یوسف نے ٹمیاری کا دورہ کیا اور جلسہ عام کی تیاریوں میں مصروف کارکنان سے ملاقاتیں کیں۔ اس موقع پر انہوں نے کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بھٹ شاہ کا جلسہ عام سندھ کے عوام کے مابین محبتوں اور بھائی چارے کو فروغ دیگا۔

## بھٹ شاہ میں 25 دسمبر کو ہونیوالا جلسہ عام جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ میں اہم کردار ادا کرے گا، زونل انچارج محمد شریف
## سیکٹر سی پریٹ آباد کے مختلف یونٹوں میں جلسہ عام کے سلسلے میں عوامی اجتماعات سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔21، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف نے کہا ہے کہ 25، دسمبر کو بھٹ شاہ میں ہونے والا جلسہ عام جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ میں اہم کردار ادا کرے گا۔ یہ بات انہوں نے جلسہ عام کے سلسلے میں سیکٹر سی پریٹ آباد کے مختلف یونٹوں میں عوامی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک میں موروثی سیاست کے خلاف آواز حق بلند کرکے حقیقی معنوں میں جمہوریت کے فروغ کیلئے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے صوفیاء کرام کی تعلیمات اور پیغام امن کے فروغ کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کیا اور ملک میں جاری ظلم وناانصافی کیخلاف ببانگ دہل آواز بلند کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے عوام دشمن اور سندھ دشمن منصوبے نہ تو ماضی میں کامیاب ہونے دیئے ہیں اور نہ ہی ان گھناؤنی سازشوں کو آئندہ کامیاب ہونے دیا جائے گا کیونکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے باعث آج سندھ دھرتی کے مستقل باشندے باشعور ہوچکے ہیں۔ محمد شریف نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 25 دسمبر ہفتہ کو بھٹ شاہ میں ہونے والے جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور سندھ دشمن قوتوں کے عزائم کو خاک میں ملادیں اور اپنے بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کریں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین اشفاق منگی، کنورنوید جمیل اور سلیم تاجک نے بھٹ شاہ کے ملاکھڑا گراؤنڈ کا دورہ کیا اور جلسہ عام کے انتظامات کا جائزہ لیا

حیدرآباد۔۔۔21،دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سلیم تاجک، کنورنوید اور اشفاق منگی نے منگل کے روز بھٹ شاہ کے ملاکھڑا گراؤنڈ کا دورہ کیا اور جلسہ عام کے انتظامات کا جائزہ لیا ۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ملاکھڑا گراؤنڈ میں جلسہ عام کی تیاریوں میں مصروف کارکنان سے فرداً فرداً ملاقاتیں کیں اوران سے انتظامات کی تفصیلات معلوم کیں ۔اس موقع پر کارکنان نے بتایا کہ جلسہ گاہ میں اسٹیج کی جگہ کاتعین کردیا گیاہے اور آج ہی اسٹیج کی تیاری کا کام شروع کردیا جائے گا جبکہ جلسہ گاہ کے اطراف میں سجاوٹ کوحتمی شکل دی جارہی ہے ۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جلسہ عام کے انتظامات پراطمینان کا اظہار کیا اور تیاریوں میں مصروف کارکنان کوقائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست شاباش دی۔ جلسہ گاہ میں کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جلسہ عام بھرپور کامیابی سے ہمکنار ہوگا اور سندھ بھر کے عوام میں اس سلسلے میں زبردست جوش وخروش پایا جارہاہے۔اس موقع پر ایم کیوایم حیدرآباد زونل کمیٹی کے اراکین اور حق پرست ارکان اسمبلی بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## نیپرا کی جانب سے کراچی کے صارفین کیلئے بجلی کے بلوں میں مزید 58 پیسے فی یونٹ اضافہ فی الفور واپس لیا جائے ،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔21،دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نیپرا کی جانب سے کراچی کے صارفین کیلئے بجلی کے بلوں میں مزید 58 پیسے فی یونٹ اضافہ کی منظوری دینے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس اضافہ کوصارفین کے جاری ناانصافیوں کاتسلسل قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کے ای ایس سی کی انتظامیہ بجلی کی ترسیل کے نظام کی بہتری کیلئے تو کوئی اقدامات نہیں کررہی ہے اور آئے دن شہریوں اور کاروباری حضرات کوبجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کا سامنا کرنا پڑرہا ہے اور ایسی صورتحال میں کراچی کے صارفین کیلئے بجلی کے بلوں میں مزید 58 پیسے فی یونٹ اضافہ کی منظوری دینا انتہائی غیر منقطعی اقدام ہے اور شہر کی کاروباری اور شہری زندگی تباہ کرنے کے مترادف ہے ۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عوام پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے اور بجلی کے بلوں میں حالیہ اضافہ نہ صرف قابل مذمت ہے بلکہ غریب عوام کی کمر توڑنے کے مترادف ہے ۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ نیپرا کی جانب سے کراچی کے صارفین کیلئے بجلی کے بلوں میں مزید 58 پیسے فی یونٹ اضافہ فی الفور واپس لیا جائے اور عوام کی مشکلات کومدنظر رکھتے ہوئے ریلیف دینے کے لئے مثبت اور ٹھوس اقدامات بروئے کارلائے جائیں۔

## سلطان چانڈیو کے لواحقین کی بھرپور مالی مدد اور بچوں کو سرکاری ملازمت دی جائے ،رابطہ کمیٹی

## سلطان چانڈیو کے قتل سے ان کے اہل خانہ شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں

لندن۔۔۔21،دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ میرپورخاص پریس کلب کے صدر سلطان چانڈیو کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے اور شہید کے لواحقین کو معاوضہ دیا جائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ چند ہفتوں قبل نامعلوم قاتلوں نے میرپورخاص پریس کلب کے صدر سلطان چانڈیو کوشہید کردیا لیکن آج تک ان کے قاتل قانون کی گرفت سے محفوظ ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سلطان چانڈیو کا سفاکانہ قتل آزادی صحافت پر قدغن لگانے اور پیشہ وارانہ فرائض انجام دینے والے صحافیوں کو ہراساں کرنے کی گھناؤنی سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سلطان چانڈیو کے قتل سے ان کے اہل خانہ شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں اور شہید کے بچوں کیلئے تعلیم جاری رکھنا مشکل ہوگیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ سلطان چانڈیو کے قاتلوں کو جلد از جلد گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے ،شہید کے لواحقین کی بھرپور مالی مدد کی جائے اور ان کے بچوں کو سرکاری ملازمتیں فراہم کی جائیں۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی ۔۔۔21، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن سیّد تنویر رضوی کے والد سیّد مہدی حسن ،لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 163 کے کارکن کامران خان کی والدہ محترمہ عزیز بیگم، نیو کراچی سیکٹر یونٹ 143/A کے یونٹ کمیٹی ممبر رانا محمد ساجد کی والدہ محترمہ خاتون بیگم، میر پور زون آزاد کشمیر ڈسٹرکٹ انچارج بھمبر امیتاز احمد مرزا کے والد غلام مصطفیٰ، متحدہ شوشل فورم ملتان زون کے رکن رانا عارف کی والدہ محترمہ زیب النساء، ڈیفنس کلفٹن سیکٹر یونٹ 06 کے کارکن شعیب صدیق کی والدہ محترمہ فیروزہ بیگم، لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 164 کے کارکنان امجد علی اور شہید علی کے والد ایوب علی اور سابق حق پرست کونسلر یوسی 02 بلدیہ ٹاؤن زبیدہ حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارن کو صبر جمیل عطا کرے ۔( آمین )

☆☆☆☆☆